© rasailojaraid.com



اور الیکشن کمیشن حلفِ وفاداری لے چکے ہیں الیکشن اور امیدواروں کی اہلیت سے متعلق غیر مبہم اور واضح ہدایات دیتا ہے گزشتہ انتخابات میں خود آئین کے محافظوں کے ہاتھوں اس سلسلہ میں جو تضحیک اور استہزاء ہوتی رہی خدا تعالےٰ کی طرف سے اس کی سزا بھی ملتی رہی۔ اب کے بار دوبارہ اس غلطی کو نہ دہرائیے دستوری توضیحات کے مطابق امیدواروں کو خوب خوب جانچا پرکھا اور ٹٹولا جائے ہمیں یقین ہے کہ ارباب بست وکشاد سمیت وہ تمام افراد اور عناصر جو اسلام کو اپنی زندگی کا حاصل اور پاکستان کو عملاً اسلامی مملکت دیکھنے کی سچی آرزو اپنے دل میں رکھتے ہیں اس تجویز اور دستور کے واضح دفعات کو عمل کی منزل تک پہنچانے کی بھرپور کوشش کریں گے ۱۴ اگست کے یوم آزادی کا بھی یہی تقاضا ہے کہ ملک کے نظریاتی اساس کی محافظ تیار دست سامنے آئے اور وہ اسی طرح ممکن ہے کہ انتخابات میں امیدواروں کی اہلیت کا دستوری معیار پورا کیا جائے اللہ مصرف القلوب سے دعا ہے کہ وہ اس چھوٹے سے جائز اور ہر لحاظ سے موزوں واقعتاً ایک دستوری مطالبہ کو عملی اقدام کی صورت میں ڈھال دیں اگر یہ بات مان لی جاتی ہے تو یہ بارانِ رحمت کا پہلا قطرہ بنے گا جو اس مملکت میں اسلام کے عملی نفاذ کی صورت میں چھم چھم برسے گی اور ملت اسلامیہ کے کشتِ ویران پر موسم بہار بن کر آئے گی اور ہم جس خوفناک ملی انتشار اور لادینیت کے فروغ وغلبہ کی صورت میں جس عذاب میں مبتلا ہیں اس سے نجات حاصل ہو گی۔

---

امیدواروں کی اہلیت کے سلسلہ میں دستوری دفعات کے تحفظ وترویج کا مطالبہ کوئی اچھا نہیں اس سے کوئی قیامت نہیں ٹوٹ پڑے گی ہم نے ۴۷ سال کا عرصہ جس انداز میں گزارا اور گزشتہ انتخابات کے نتیجہ میں جس طرح کے افراد وعناصر (الا ماشاء اللہ) ہم منتخب کر کے ان کے ہاتھ میں زمام اقتدار دیتے رہے، ملکی ریاست، وسائل اور معاشرے پر جو لوگ حاوی مسلط یا مؤثر رہے اس کے نتیجہ میں پاکستانی معاشرہ جس نہج پر پروان چڑھتا رہا اس اعتبار سے نفاذِ اسلام کی مساعی اور اس کے نتائج کا ظہور اسی قدر ہونا تھا، جتنا ہوا ہے گزشتہ انتخابات اور عملی سیاسیات میں غالب آنے والوں نے

- اسلام کو نعرے کی حد تک اختیار کیا۔
- اسلام کو اپنے مفاد یا اقتدار کے حصول اور تحفظ کے لیے استعمال کیا۔
- اسلام کو اپنی جماعت کی مقبولیت یا انتخابات میں کامیابی کی غرض سے پیش کیا۔
- اسلام کو تقریر اور تحریر تک محدود رکھا۔
- اسلام کو رواداری اور غیر جانب داری کی زہر آلود تلوار کا شکار کیا۔

© rasailojaraid.com